Government of Pakistan
Cabinet Division
Special Technology Zones Authority

PRESS RELEASE

چین-پاکستان ٹیکنالوجی تعاون مرکز کا بیجنگ میں افتتاح

29/11/2022

پاکستان ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کی نیشنل ٹیکنالوجی کونسل (NTC) نے چیئرمین سید امتیاز حسین گیلانی کی سربراہی میں اسلام آباد میں اسپیشل ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (STZA) کے ساتھ ورکنگ میٹنگ کی۔ اجلاس کا ایجنڈا ٹیکنالوجی انفراسٹرکچر، انسانی سرمائے، دیہی شمولیت، روزگار کے مواقع پیدا کرنے، ٹیکنالوجی کے نصاب، تربیتی پروگراموں اور تعلیمی اداروں، صنعت اور حکومت کے درمیان تعاون سمیت عصر حاضر کے چیلنجز پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔

سائنس اور ٹیکنالوجی (S&T) پر دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے کے لئے ایک تاریخی اقدام کے طور پر، چینی چونگوانسن بیلٹ اینڈ روڈ انڈسٹریل پروموشن ایسوسی ایشن (ZBRA) اور پاکستان کی خصوصی ٹیکنالوجی زونز اتھارٹی (STZA) نے مشترکہ طور پر بیجنگ میں ''چین پاکستان سائنس اینڈ ٹیکنالوجی تعاون مرکز'' کا آغاز کیا ہے۔

سینٹر کی افتتاحی تقریب بیجنگ میں پاکستانی سفارتخانے میں منعقد ہوئی جہاں 3000 سے زائد چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں نے افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چین میں پاکستان کے سفیر جناب معین الحق صاحب نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کے حالیہ دورہ چین کے دوران ٹیکنالوجی کا شعبہ پاک چین تعاون کی بنیاد بن کر ابھرا ہے جس کا ثبوت پاک چین اقتصادی راہداری (CPEC) کے تحت، S&T جوائنٹ ورکنگ گروپ اور انفارمیشن ٹیکنالوجی جوائنٹ ورکنگ گروپ کے قیام سے ظاہر ہوتا ہے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ZBRA کے صدر ژانگ شیاؤڈونگ نے کہا کہ "سینٹر کو ایک پلیٹ فارم کے طور پر لیتے ہوئے ہم چین اور پاکستان میں تمام فریقین، خاص طور پر ہائی ٹیک انٹرپرائزز اور اداروں کو سائنس اور ٹیکنالوجی کے تعاون کے لئے وسائل تیار کرنے اور جمع کرنے کے لئے متحرک کریں گے"۔ انہوں نے مزید کہا کہ چینی S&T انٹرپرائزز کا ایک وفد کاروباری مواقع تلاش کرنے کے لیے اگلے سال پاکستان کا دورہ کرے گا۔ ڈائریکٹر اسٹریٹجک پلاننگ اینڈ ریگولیٹری افیئرز (STZA) حمزہ سعید اورکزئی نے S&T سینٹر کو "چینی کاروباری اداروں کے لئے رابطہ دفتر" قرار دیتے ہوئے کہا کہ S&T کی اختراعات، عوام سے عوام اور طالب علموں سے طالب علموں کے تعاون کے نیٹ ورکس کو فروغ دینے کے علاوہ، سینٹر کو ٹیکنالوجی کی منتقلی اور سرحد پار سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے لئے بزنس ٹو بزنس (B2B) پلیٹ فارم بنانے کے لئے ڈیزائن کیا جائے گا۔

یہ سینٹر آرٹیفیشل انٹیلی جنس(AI)، انٹرنیٹ آف تھنگز(IoT)، بگ ڈیٹا، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، روبوٹکس، فن ٹیک، بائیو ٹیکنالوجی اور بلاک چین کے شعبے میں تعاون پر توجہ مرکوز کرے گا۔ یہ چینی ٹیکنالوجی کمپنیوں کے لئے پاکستان کے خصوصی ٹیکنالوجی زونز(STZs) میں اپنے کاروبار کو چلانے اور منتقل کرنے اور پیداواری صلاحیت کو فروغ دینے کے لئے تعاون کی بنیاد کو فروغ دینے کے لئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر بھی کام کرے گا۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ ZBRA اور STZA نے فروری 2022 میں S&T تعاون پر لیٹر آف انٹینٹ(LOI) پر دستخط کیے تھے۔ بعد ازاں جولائی 2022 میں "چین پاکستان سائنس اینڈ ٹیکنالوجی انویسٹمنٹ کانفرنس" کا انعقاد کیا گیا جس نے یکم ستمبر 2022 کو "چین پاکستان سائنس اینڈ ٹیکنالوجی تعاون مرکز" کے قیام کو متحرک کیا۔

ZBRA ایک آزاد تنظیم ہے جو بیلٹ اینڈ روڈ ڈویلپمنٹ پروگرام میں سائنس ٹیکنالوجی انٹرپرائزز کے انضمام کے لئے بین الاقوامی تعاون کا پلیٹ فارم فراہم کرتی ہے ZBRA کے ارکان میں ٹیکنالوجی انٹرپرائزز، سائنسی تحقیقی ادارے، یونیورسٹیاں اور چین کے اندر اور باہر واقع تنظیمیں شامل ہیں۔ بیجنگ میں صدر دفاتر رکھنے والے ZBRA کے رابطہ دفاتر شمالی افریقہ، ASEAN ممالک اور شمالی امریکہ میں ہیں۔ پاکستان میں ٹیکنالوجی ایکو سسٹم اور ٹیکنالوجی اکانومی کی ترقی میں مدد کے لیے STZA دنیا بھر میں ٹیکنالوجی اختراعات(INNOVATION) کے رہنماؤں کے ساتھ تعاون کے ذریعے بین الاقوامی شراکت داری کو ممکن بنانے کے لیے پرعزم ہے، جن میں چین، امریکہ، مشرق وسطیٰ، یورپ، ترکی وغیرہ شامل ہیں۔